<u>پریس ریلیز</u>

28 مئی 2019ء

اسٹیٹ بینک نے بیرونی قرضے کی جانچ کے اداروں وی آئی ایس اور پیکرا کی اہلیت کی تجدید کر دی

اسٹیٹ بینک نے پاکستان میں کام کرنے والی دونوں کریڈٹ ریٹنگ ایجنسیوں یعنی "وی آئی ایس کریڈٹ ریٹنگ کمپنی لمیٹڈ (وی آئی ایس)" اور "دی پاکستان کریڈٹ ریٹنگ ایجنسی لمیٹڈ (پیکرا)" کی قرض کی جانچ کے بیرونی اداروں کے طور پر 2019ء کے لیے اہلیت کی تجدید کر دی ہے۔

بازل فریم ورک کے معیار بند طریقہ کار کو استعمال کرنے والے بینکوں اور ترقیاتی مالی اداروں (ڈی ایف آئیز) کو اجازت ہے کہ وہ شرح کفایت سرمایہ (CAR) کے مقاصد کے تحت وی آئی ایس اور پیکرا کی کریڈٹ ریٹنگ کو استعمال کریں۔